Class: VII

Annual Examination-2024-25

Subject: Urdu

Marking Scheme

Set: A

سوال نمبر۱: سوالوں کا جواب لکھیے؟۱۰

سوال نمبر۱:آدمی پہلے ہر جگہ کیسے آتا جاتا تھا؟

جواب :آدمی پہلے ہر جگہ پیدل ہی آتا جاتا تھا ۔

۲ ۔ چاند بی بی کون کون سی زبانیں جانتی تھی؟

جواب : عربی ، فارسی ، کے علاوہ مراٹھی زبان بھی جانتی تھی ۔

سوال نمبر۳: چمگادڑ کو پرندوں نے اپنی قوم میں شامل کیوں نہیں کیا ؟

جواب: کیوں کہ چمگادڑ موقع پرست تھا اس لیے پرندوں نے چمگادڑ سے کہا کہ تم ہمیشہ جیتنے والے کے ساتھ ہو جاتے ہو مجھے نہ تمہاری چونچ ہے نہ پر تمہارے لمبے لمبے کان ہیں ایسے کان تو چوہوں کے ہوتے ہیں بس جاؤ اپنا کام کرو ہم تمھیں اپنی قوم میں نہیں ملا سکتے۔

سوال۴: چڑیا گھر میں کون کون سے جانور تھے ؟

جواب: چڑیا گھر میں ہاتھی، گینڈا، دریائی گھوڑا، مگرمچھ ، بھالو ، بندر، شیر، لومڑی، گلہری ، طوطا ، مینا ، مور ، بگلہ ، بلبل، بیا، اور آلو وغیرہ جانور تھے ۔

سوال نمبر۵ : حکومت ہند نے سالم علی کو کنا عزازات سے نوازا ؟

جواب: حکومت ہند نے سالم علی کو ۱۹۵۸ء اور میں پدم بھوشن اور ۱۹۷۶ء میں پدم وبھوشن کے قومی اعزازات سے نوازا ۔

سوال نمبر۲: ٹی - سی لینے کے لیے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے؟۱۰

<u>درخواست برائے (ٹی - سی) ٹرانسفر سرٹیفیکٹ</u>

محترم جناب پرنسپل صاحب

دلی پبلک اسکول، متھورا روڈ دلی-۳

جناب عالی!

بڑی خوشی اور فخر کے ساتھ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس سال میں نے اپنی دسویں کی تعلیم مکمل کرلی ہے۔

اور اب آگے کی تعلیم کے لیے دوسرے اسکول میں داخلہ لینا چاہتا ہوں۔

اس لیے آپ سے میری گزارش ہے کہ میرا چال چلن کا سرٹیفکیٹ مجھے دے دیں جس کے زریعہ میں گیارہویں جماعت میں داخلہ لے سکوں

آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ (اسکول کی فیس اور دیگر واجبات میں نے ادا کر دیے ہیں) شکریہ

آپکا فرمابردار طالب علم

نام ۔ محمد جاوید

کلاس ۔ دسویں

سیکشن ۔ بی

تاریخ :

سوال نمبر۳: نیچے دیے گیے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے؟۵

۱۔ بادشاہ ۔۔۔۔۔۔ اکبر بادشاہ کی سلطنت بہت بڑی تھی ۔

۲۔ تیر اندازی ۔ چاند بی بی کوتیر اندازی کا شوق بچپن ہی سے تھا ۔

۳۔ جنگل ۔: یہ جنگل کافی گھنا ہے ۔

۴۔ اصلیت ۔ کریم کواس وقت شرمندگی کا احساس ہوا جب اسکی اصلیت سب کو پتا چل گیء ۔

۵۔ قوم ۔ ہم سب کو اپنی قوم کی بھلائی کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے ۔

سوال نمبر۴: معنی لکھیے؟۵

۱۔ قوت ۔ طاقت

۲۔ مسلسل ۔ لگاتار

۳۔ ایجاد ۔ نی کھوج کر نا

۴ شیدایء ۔ چاہنے والا

۵۔ تمغہ ۔ میڈل

سوال نمبر۵: نیچے دی ہوی خالی جگہوں کو بھریے؟۵

۱۔ اگلے ہفتے ہم چڑیا گھر کی سیر کو جائیں گے ۔

۲۔ خوشی سے سب کا دل باغ باغ ہو گیا

۳۔ شہروں میں گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں اور آوازوں سے فضا آلودہ ہو جاتی ہے۔

۴۔ اچھی صحت کے لئے ماحول اور فضا کا صاف ستھرا ہونا ضروری ہے۔

۵۔ اسکول میں بچوں کے والدین ان کا انتظار کر رہے تھے۔

سوال نمبر۶: ذیل میں دی گی بند کی تشریح کیجیے؟ ۱۰

بھارت ہے اس کا مسکن، بھارت ہے اس کا گلشن

بھارت کی ہے دلاری، اردو زباں ہماری

تشریح: شاعر اس شعر میں کہتا ہے کہ اردو زباں کا ٹھکانہ یعنی گھر بھارت ہے اور یہ زبان بھارت میں پیدا ہوی اور یہیں پلی بڑھی، بھارت کی یہ سب سے پیاری زبان ہے اور اس وجہ کر یہ سب کی دلاری بھی ہے، سبھی اس سے محبت کرتے ہیں۔

سوال نمبر۷: ایک صفحہ کا مضمون لکھیے؟ ۵

میرا اسکول

ہمیں اس اسکول سے محبت کرنی چاہیے جس میں ہماری ذہنی نشونما اور کردار کی تعمیر ہوتی ہے۔ اسکول میں ہی ہم نظم وضبط، دلیری اور اخلاق کا سبق حاصل کرتے ہیں اور یہی تربیت حقیقت میں ہماری شخصیت کی تعمیر کرتی ہے۔ میں اپنے اسکول کو اس لیے پسند کرتا ہوں کہ وہ دلی کا سب سے بہتر اسکول ہے اس کی عمارت دو منزلہ ہے چاروں طرف بہت خوبصورت پارک اور کھیلنے کا میدان ہے اسکول ایسی جگہ واقع ہے جہاں بسوں موٹروں اور دوسری گاڑیوں کا شور نہیں ہوتا۔ جب بھی بورڈ کے امتحان ہوتے ہیں تو میرے اسکول کا نتیجہ ہمیشہ عمدہ رہتا ہے۔ اور اکثر ہمارے اسکول کے طلباء امتحان میں فرسٹ کلاس سے پاس ہوتے ہیں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طالب علموں کو تمغہ دیا جاتا ہے۔ اس اسکول میں داخلہ آسانی سے نہیں ہوتا بلکہ داخلہ کے لیے ایک مقابلے کا امتحان ہوتا ہے۔

اور خالی جگہوں کی تعداد کے مطابق سب سے زیادہ نمبر لینے والے طلبہ کو داخلہ ملتا ہے۔

اس اسکول کی دوسری خوبی یہ ہے کہ اس کا ہاسٹل بھی ہے اس کا انتظام بہت اچھا ہے کمرے بہت صاف ستھرے اور کھانا کافی عمدہ ملتا ہے۔ شام کے کھیل سب طالب علموں کے لیے ضروری ہیں شام کو کھیل کے میدان میں پرنسپل صاحب خود موجود رہتے ہیں۔ طالب علم کو ہاکی، فٹ بال، کرکٹ اور والی بال کھیلنے کا موقع ملتا ہے طلبہ کو اس کی اجازت نہیں دی جاتی ہے کہ وہ کمرے میں بیٹھ کر گپ مارنے میں وقت ضائع کریں اس شہر میں یہی ایک ایسا اسکول ہے جہاں پر بگڑے ہوئے بچے بھی اچھے طالب علم بن جاتے ہیں۔

میرے اسکول کے سب اساتذہ پر نہایت لائق تجربہ کار اور شفیق ہیں ۔ ہمارے پرنسپل بھی بہت محنتی ہیں ۔ اسکول کے انتظام کے ساتھ وہ کی ء جماعتوں کو پڑھاتے بھی ہیں شریر لڑکے ان سے ڈرتے ہیں لیکن ان کی شفقت اور ہمدردی کی وجہ سے بھی ان کی بڑی عزت کرتے ہیں ۔

سوال نمبر٨: حصہ الف، اور ب ، کے صحیح جوڑ ملایے ء؟٥

الف - **ب**

الف ------- ب

آسمان ------- زمین

پرند ---------چرند

جنگل ------- شہر

لڑای ------- صلح

جیت ------- ہار

دوست------ دشمن

سوال نمبر٩: ذیل میں دیے لفظوں سے واحد لکھیے ؟ ٥

جمع - واحد

عادت --- عادات

معلوم ---- معلومات

انعام ----- انعامات

منظر ------ مناظر

اعزاز ------ اعزازات

تفصیل ----- تفصیلات